حرفِ سپاس

متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے مابین محبت و اخلاص کے روابط کے بیّن مظاہر پاکستان میں وہ تعلیمی، طبی اور رفاہی منصوبے ہیں جو صدر امارات عزت مآب جناب شیخ زاید بن سلطان آل نھیان اور عزت مآب شیخ خلیفہ بن زاید، ولی عہد ابوظھبی نیز متحدہ عرب امارات کی مسلح افواج کے ڈپٹی سپریم کمانڈر کے مالی تعاون اور سرپرستی سے چل رہے ہیں۔ ان منصوبوں میں ایک نمایاں منصوبہ، شیخ زاید اسلامی مرکز کے نام سے وہ تین عالیشان ادارے ہیں جو پاکستان کے شہروں کراچی، لاہور اور پشاور میں قائم ہوئے۔ ان مراکز کی تعمیر کا مقصد ایسے طلباء کی تیاری ہے جو علومِ اسلامیہ و جدیدہ میں دسترس حاصل کریں اور ٹیکنالوجی کے اس دور میں پیش آمدہ نو بہ نو مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں۔

شیخ زاید مرکز لاہور، دیگر دونوں مراکز کے پہلو بہ پہلو ان مقاصد کی انجام دہی میں کوشاں ہے۔ تینوں مراکز کی بیس سالہ تقریبِ تأسیس کے انعقاد کے موقع پر ''الاضواء'' کے خصوصی ''سیرت نمبر'' کی پیشکش لاہور مرکز کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔

تأسیسِ مراکز کی بیس سالہ تقریبات کے حوالے سے ہم تینوں مراکز کی جانب سے عزت مآب جناب شیخ زاید بن سلطان آل نھیان حفظہ اللہ صدر متحدہ عرب امارات کی سرپرستی کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ان کی درازی عمر کے لیے دعا گو ہیں۔